# 36832 ـ ليلة القدر كب ہوتی ہے اورہم كيا كريں ؟

**سوال**

ليلة القدر ميں كيا جائے ، كيا اس كا احياء نماز ميں ہے كہ قرآت قرآن مجيد اورسيرت النبی پڑھنے اوروعظ وتبليغ كرنے اورمسجد ميں جلسہ كرنے سے ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد لله.

اول :

نبی مكرم صلی اللہ عليہ وسلم رمضان كے آخری عشرہ ميں بہت زيادہ عبادت كيا كرتے تھے ، اس ميں نماز ، اورقرات قرآن اوردعا وغيرہ جيسے اعمال بہت ہی زيادہ بجالاتے تھے ۔

امام بخاری اورمسلم رحمہم اللہ نے اپنی كتاب ميں عائشۃ رضي اللہ تعالی عنہا سے بيان كيا ہے كہ :

( جب رمضان كا آخری عشرہ شروع ہوتا تو نبی اكرم صلی اللہ عليہ وسلم رات كوبيدار ہوتے اوراپنے گھروالوں كو بھی بيدار كرتے اوركمر كس ليتے تھے )

اورمسند احمد اورمسلم شريف ميں ہے كہ :

( رمضان كے آخری عشرہ ميں نبی صلی اللہ عليہ وسلم اتنی زيادہ كوشش كيا كرتے تھے جوكسی اورايام ميں نہيں كرتے تھے ) ۔

دوم :

نبی اكرم صلی اللہ عليہ وسلم نے ليلۃ القدر ميں اجروثواب حاصل كرنے كے ليے قيام كرنے پر ابھارا كرتے تھے ۔

ابوھريرہ رضي اللہ تعالی عنہ بيان كرتے ہيں كہ نبی اكرم صلی اللہ عليہ وسلم نے فرمايا :

( جوبھی ليلۃ القدر ميں ايمان كے ساتھ اجروثواب كی نيت سے قيام كرے اس كے پچھلے تمام گناہ معاف ہوجاتے ہيں

) متفق علیہ ۔

یہ حدیث لیلۃ القدر میں قیام کی مشروعیت پر دلالت کررہی ہے ۔

سوم :

لیلۃ القدر میں سب سے بہتر اوراچھی دعا وہی ہے جو نبی مکرم صلی اللہ علیہ نے سکھائي ہے ۔

امام ترمذی رحمہ اللہ تعالی عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے بیان کرتے ہیں کہ وہ کہتی ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا :

اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم مجھے بتائيں کہ اگر مجھے لیلۃ القدر کا علم ہوجائے تومجھے اس میں کیا کہنا چاہیئے ؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

تم یہ کہنا : اے اللہ تو معاف کرنے والا ہے اورمعاف کرنا پسند فرماتا ہے لھذا مجھے معاف کردے ۔

چہارم :

رہا مسئلہ رمضان میں لیلۃ القدر کی تخصیص اورتحدید کا تویہ دلیل کا محتاج ہے جس میں اس کی تحدید کی گئي ہو ، لیکن یہ ہے کہ رمضان کا آخری عشرہ میں اورپھر اس کے تاک راتوں اورستائسویں رات بھی ہوسکتی ہے اس پر احادیث دلالت کرتی ہیں ، ایک حدیث میں ہے کہ اسے آخری دس دنوں میں تلاش کرو ، لھذا اس کی تحدید نہیں ہوسکتی اتنا ہے کہ یہ آخری دس دنوں میں ہی گھومتی رہتی ہے ۔

پنجم :

بدعت تورمضان کے علاوہ کسی اورمہینہ میں جائز نہیں توپھر رمضان کے مبارک ایام میں یہ کیسے جائز ہوسکتی ہے ، کیونکہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نے فرمایا :

( جس نے بھی ہمارے اس دین میں کوئي نئی چیز پیدا کرلی جس پر ہمارا حکم نہ ہو تو وہ مردود ہے )

اورایک روایت میں کچھ اس طرح ہے :

( جس نے بھی کوئي ایسا عمل کیا جس پرہمارا حکم نہ ہو وہ مردود ہے )

توآج کل جورمضان کی بعض راتوں میں محفلیں منعقد کی جاتی ہیں ہمیں تو اس کی کوئي دلیل نہیں ملتی ، اورسب سے بہتر اوراچھا و احسن طریقہ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ اورسنت ہی ہے اورسب سے برا طریقہ بدعات کی ایجاد اوراس پرعمل ہے ۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی صحیح اعمال کی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .